سوال

(75) ٹخنوں سے نیچے ازار اور وضو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شلوار (چادر وغیرہ) ٹخنوں سے نیچے لٹکانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ اس کی تو مجھے دلیل معلوم نہیں، لیکن میری تحقیق میں وہ حدیث بلحاظ سند حسن ہے جس میں آیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص کو (دوبارہ) وضو کرنے کا حکم دیا جس کا ازار ٹخنوں سے نیچے لٹکا ہوا تھا۔ (دیکھئے سنن ابی داود کتاب الصلوۃ باب الاسبال فی الصلوۃ 638 (وغیرہ)

اس روایت کے ایک راوی ابو جعفر المؤذن ہیں، جنھیں بعض محدثین مجہول یعنی مجہول الحال قرار دیتے ہیں جبکہ درج ذیل محدثین نے انھیں ثقہ، صحیح الحدیث یا حسن الحدیث قرار دیا ہے:

1۔ ابن حبان، دیکھئے موارد الظمآن: 2406

2۔ الترمذی: حسن لہ: 3448

3۔ النووی، صحح لہ فی ریاض الصالحین

4۔ ابن حجر قواہ فی تخریج الاذکار

5۔ روی عنہ یحییٰ بن ابی کثیر وھولایحدث الاعن ثقة عند ابی حاتم الرازی، اتنی توثیق کے بعد اس راوی کو مجہول کہنا غلط ہے لہذا یہ روایت حسن ہے۔ (شہادت اپریل 2004ء) (الحدیث: 9)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الطہارت۔صفحہ229

محدث فتویٰ